صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 8 اپریل 2011ء بمطابق 4 جمادی الاوّل 1432 ہجری صبح گیارہ بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

وَلَا تَلۡبِسُواْ ٱلۡحَقَّ بِٱلۡبَـٰطِلِ وَتَكۡتُمُواْ ٱلۡحَقَّ وَأَنتُمۡ تَعۡلَمُونَO وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتُواْ ٱلزَّكَوٰةَ وَٱرۡكَعُواْ مَعَ ٱلرَّٰكِعِينَO" أَتَأۡمُرُونَ ٱلنَّاسَ بِٱلۡبِرِّ وَتَنسَوۡنَ أَنفُسَكُمۡ وَأَنتُمۡ تَتۡلُونَ ٱلۡكِتَـٰبَ ۚ أَفَلَا تَعۡقِلُونَO وَٱسۡتَعِينُواْ بِٱلصَّبۡرِ وَٱلصَّلَوٰةِ ۚ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى ٱلۡخَـٰشِعِينَO ٱلَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَـٰقُواْ رَبِّهِمۡ وَأَنَّهُمۡ إِلَيۡهِ رَٰجِعُونَ۔

(ترجمہ): اور حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ، اور سچی بات کو جان بوجھ کر نہ چھپاؤ۔ اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (خدا کے آگے) جھکنے والوں کے ساتھ جھکا کرو۔ (یہ) کیا (عقل کی بات ہے کہ) تم لوگوں کو نیکی کرنے کو کہتے ہو اور اپنے تئیں فراموش کئے دیتے ہو، حالانکہ تم کتاب (خدا) بھی پڑھتے ہو۔ کیا تم سمجھتے نہیں؟ اور (رنج و تکلیف میں) صبر اور نماز سے مدد لیا کرو اور بے شک نماز گراں ہے، مگر ان لوگوں پر (گراں نہیں) جو عجز کرنے والے ہیں۔ اور جو یقین کئے ہوئے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں اور اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ و آخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر، یو خبره کول غواړمه چه دلته هاؤس کښے یو ډسپلن ساتل پکار دے جی، که دا نه وی نو دا خو چه په دے هاؤس کښے هم د تلاوت په مینځ کښے خلق خبرے کوی، یو بل ته ئې راځی نو داسے به بیا کوم وخت وی چه مونږ به سنجیده کښینو؟ نو کم سے کم د تلاوت په دوران کښے د ښوک هیڅ حرکت نه کوی، دا ډیره د افسوس خبره ده۔

جناب سپیکر: میاں صاحب! یہ آپ کی بات بہت اچھی ہے۔ بحیثیت مسلمان ہم سب پہ فرض ہے کہ جب قرآن حکیم کی تلاوت ہو رہی ہو تو اگر دل میں کچھ اس کے ساتھ پڑھنے کی کوشش نہ کریں تو کم از کم احترام کے ساتھ تو سنی جائے، تو یہ جو بھی کرتا ہے بہت بڑی غلطی کا مرتکب ہو رہا ہے، آئندہ کیلئے اس سے اجتناب کیا جائے اور آج چونکہ پارلیمانی سال کا ہمارا پہلا دن ہے، یہ اجلاس آج شروع ہو رہا ہے۔ پچھلے پارلیمانی سال میں ہم نے ایک سو آٹھ دن پورے کئے ہیں اور آج یہ جو نیا سال شروع ہو گیا ہے، ہماری کوشش ہو گی کہ عوامی مسائل کو حل کرنے کیلئے ایوان کا اجلاس وقتاً فوقتاً منعقد کیا جائے۔ میری بھی دعا ہو گی اور آپ سب بھی دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہمارے ساتھ شامل حال ہو اور پورا صوبہ امن سے ہو اور بخیر و عافیت اور بہت ہی محبت کے ساتھ ہمارا یہ سال انشاء اللہ پورا ہو۔ اس سلسلے میں میں آج ہمارے درمیان غلام قادر خان صاحب جو نئے منتخب ممبر صاحب تشریف فرما ہیں، میں ان کو پورے ہاؤس کی طرف سے خوش آمدید کہتا ہوں   (تالیاں)   اور ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی سیٹ پر کھڑے ہو جائیں تاکہ حلف اٹھائیں۔

(اس مرحلہ پر نو منتخب رکن، جناب غلام قادر خان بیٹنی نے حلف لیا)

(حلف نامہ ضمیمہ میں ملاحظہ ہو)

(تالیاں)

Mr. Speaker: Now I request the honourable Member to sign in the Roll of Members, placed on the table of the Secretary, Provincial Assembly. Honourable Member Sahib.

(اس مرحلہ پر نو منتخب رکن صوبائی اسمبلی نے حاضری رجسٹر پر اپنے دستخط ثبت کیے)

جناب سپیکر: مبارک شه جی، ډیر مبارک شه۔ ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، ذرا ہاؤس ہاؤس 'کمپلیٹ' ہو جائے، یہ Formality ہے، یہ کرنا ذرا ضروری ہے جی۔

محترمہ نور سحر: سر، ایک دعا کر لینی چاہیئے۔

جناب سپیکر: ہاں کرتے ہیں، کرتے ہیں سب کچھ، جس کے بارے میں بھی آپ دعا کریں گے، بالکل کریں گے۔ ہاؤس کی پروسیڈنگز ذرا 'کمپلیٹ' ہو جائے نا۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں: راجہ فیصل زمان صاحب 8 اپریل 2011 کیلئے; جناب سردار اورنگزیب خان نلوٹھا صاحب 8 اپریل 2011 کیلئے; کشور کمار صاحب 8 اپریل 2011 کیلئے; جناب ڈاکٹر حیدر علی خان صاحب پورے اجلاس کیلئے; جناب وقار احمد خان صاحب 8 تا 11 اپریل 2011; رحمت علی خان صاحب 8 تا 11 اپریل 2011۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

مسند نشین حضرات کی نامزدگی

Mr. Speaker: In pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a Panel of Chairmen for the current Session.

1. Mr. Abdul Akbar Khan;
2. Mr. Mukhtiar Ali Khan, Advocate;
3. Mr. Wajeeh-uz-Zaman Khan;
4. Mr. Shah Hussain Khan.

عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Speaker: In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of Khyber Pahktunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby constitute a Committee on Petitions, comprising the following Members under the Chairmanship of Mr. Khushdil Khan Advocate, honourable Deputy Speaker:

1. Major (Retd) Baseer Ahmad Khan Khattack;
2. Mufti Kifayatullah;
3. Malik Bacha Saleh;
4. Mr. Mukhtiar Ali Khan;
5. Faiza Rashid Bibi;
6. Shazia Aurangzeb Bibi.

دعا پہلے کون پڑھنا چاہتا ہے، دعا کس سلسلے میں، جی آپ دعا پڑھنا چاہتے ہیں؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، شعبہ بازار میں دھماکہ ہوا ہے۔ ایک تو دہشت گردوں کی۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: صوابی اور چارسدہ میں ہوا ہے جی، وہاں لوگ شہید ہو گئے ہیں، ان کیلئے دعا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تمام کیلئے کر لیتے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اس دھماکے کیلئے بھی اور دوسرا چیف سیکرٹری صاحب کی جناب سپیکر صاحب، ہمشیرہ وفات پا گئی ہیں، ان کیلئے بھی اگر دعا Collectively ہو جائے تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔ آپ کس کے بارے میں؟

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر، پچھلے سال میں جتنے بھی لوگ وفات پا گئے ہیں، ان سب کیلئے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ مفتی صاحب! یہ۔۔۔۔۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر، دوہ درے کسان زمونږ د علاقے طالبانو حلال کړے وو جی، هغے شهیدانو د پاره هم چه دعا اوشی۔

جناب سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب! یہ جتنے بھی شہید اور جتنے بھی بھائیوں کیلئے دعا کی درخواست کی گئی ہے تو آپ اس میں پورے سال کیلئے بھی، جو محترمہ کہہ رہی ہیں وہ بھی یاد کریں، چارسدہ اور ادھر جو ہمارے شہید ہوئے ہیں، صوابی میں، ان سب کو اس دعا میں یاد فرمائیں۔ جناب مفتی کفایت اللہ صاحب! دعا فرمائیں۔

(اس مرحلہ پر صوابی، چارسدہ کے خودکش دھماکوں میں شہید ہونے والوں اور دیگر مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کی گئی)

مفتی کفایت اللہ: سپیکر صاحب! زه یو 'ویلکم' کومه غلام قادر خان ته که ستاسو اجازت وی جی؟

جناب سپیکر: یو دوه خبرے، زیاتے نه جی۔ بیا ایجنډا نمټاوو خو۔۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ آج غلام قادر خان بیٹنی نے باقاعدہ ایک جمہوری پراسس کے ذریعے حلف اٹھایا ہے اور ہمارے ایوان کے معزز ممبر بن گئے ہیں۔ میں ان روایات کے طور پر انہیں خوش آمدید کہتا ہوں جو ہماری اسمبلی کی ہیں۔ جناب سپیکر، میں نہیں بھولنا چاہتا حاجی گلستان خان بیٹنی کو اور ان کی پارلیمانی اور عوامی خدمت کو بھی نہیں بھولنا چاہتا، وہ ہمارے 'کولیگ' تھے، جناب سپیکر آپ کو اندازہ ہے کہ ہم مختلف ماحول میں الیکشن جیت کر آ جاتے ہیں تو ہماری حیثیت اس طرح ہوتی ہے جس طرح کہ کلاس روم کے ساتھیوں کی ہوتی ہے اور یہاں ہماری قدرتی ایک محبت پیدا ہو جاتی ہے۔ جب ہم میں کوئی آدمی شہید ہو جاتا ہے یا وہ فوت ہو جاتا ہے تو اس کا بہت زیادہ دکھ ہمیں ہوتا ہے اور جب اس کی جگہ اسی کا بھائی آ جاتا ہے تو پھر ہم سمجھتے ہیں کہ یہ اچھا نعم البدل ہے۔ جناب سپیکر، یہ وقت ایسا تو نہیں ہے، پارلیمانی سال کا پہلا دن ہے اور ایسی بات میں بھی نہیں کرنا چاہتا جس کو متنازعہ سمجھا جائے لیکن میں کم از کم عوام کا وہ رویہ آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ الحمد للہ ہم چار پانچ سیٹیں ضمنی انتخاب کے اندر جیت گئے ہیں۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ جمیعت علمائے اسلام پر لوگوں کا بہت زیادہ اعتماد ہے اور جب کسی سیاسی قوت پر اعتماد ہوتا ہے تو اس کو تمام قوتوں کو خوش اسلوبی سے قبول کرنا چاہیئے کیونکہ یہاں اعتماد بندوق اٹھانے والوں پہ نہیں ہو رہا اور یہاں اعتماد گولی چلانے والوں پہ نہیں ہو رہا، جمہوری پراسس پہ ہو رہا ہے اور جناب سپیکر، ہماری ایک مشکل بھی ہے کہ ہمارے اوپر بہت زیادہ دباؤ ہے اور وہ دباؤ اس طرح ہے کہ ہم یہ جمہوری پراسس کو چھوڑیں اور اسلام اور شریعت کے نفاذ کیلئے کوئی دور کا راستہ اختیار کریں۔ جناب سپیکر، ایک ہم آپ کے سامنے ہوتے ہیں، پھر ان لوگوں کے سامنے جب ہم جاتے ہیں تو ہمیں بہت زیادہ دباؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن تمام دباؤ قبول کرتے ہیں، برداشت کرتے ہیں۔ آج بھی مولانا فضل الرحمان صاحب کا یہ اعلان ہے کہ میں جمہوری جدوجہد نہیں چھوڑوں گا، میں پارلیمانی جدوجہد نہیں چھوڑوں گا اور ابھی دو دونوں میں ان پر تین حملے ہوئے ہیں۔ میں صوابی کے حملے کو تو Ordinary حملہ سمجھتا ہوں لیکن جو چارسدے کا حملہ تھا، وہ Ordinary نہیں تھا، وہ ایسی Technique استعمال کی گئی جو محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے وقت استعمال کی گئی، کہ جب مولانا فضل الرحمان صاحب خودکش حملے میں بچ نکلے تو اس کے بعد پھر ان کو فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا اور یوں اللہ تعالیٰ نے ایک بہت بڑی مصیبت سے انہیں بچایا ہے، وہ محفوظ رہے۔ جناب سپیکر، اس ملک کو محترمہ بینظیر بھٹو یا اس ملک کو شہید ذوالفقار علی بھٹو یا اس ملک کو مرتضیٰ بھٹو یا اس ملک کو مولانا حسن جان یا مولانا معراج الدین قریشی، ان لوگوں کی مزید لاشیں اٹھانے کیلئے ہم تیار نہیں

ہیں۔ ہمیں اب طے کرنا ہوگا ان تمام باتوں میں کہ انشاء اللہ پاکستان ہمارا ہے، اس کا راستہ بھی متعین ہے، وہ پارلیمانی ہے اور اس کی جدوجہد بھی متعین ہے، وہ جمہوری ہے، انشاء اللہ جتنا بھی دباؤ آئے گا ہم دباؤ کا مقابلہ کریں گے، نہ جمہوری راستہ چھوڑیں گے نہ پارلیمانی راستہ چھوڑیں گے۔ یہ پاکستان امن کا گہوارہ تھا اور انشاء اللہ ہم مل کر اس کو دوبارہ امن کا گہوارہ بنائیں گے۔ بہت بڑی مہربانی۔ میں جناب غلام قادر خان بیٹنی سے امید رکھتا ہوں کہ وہ بھی اس امن کے ماحول میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ میں ایک بار پھر حاجی گلستان خان کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں اور میں بہت زیادہ خوش ہوں کہ الحمد للہ یہ حکومت کے لوگ بھی وہاں کھڑے ہوئے تھے ہمارے مقابلے میں لیکن ایک انصاف اور جمہوری راستہ ہے، اس کے اندر ہم جیت گئے ہیں اور ہمیں قبول کیا جارہا ہے۔ اس کے معنی ہیں کہ جمیعت علماء اسلام مستقبل کی قیادت ہے اور یہ بھی اچھی بات ہے کہ آج عوام نے اس کو طے کر دیا ہے۔ ہم چاہیں گے کہ پانچ سال پورے ہوں، یہ حکومت اپنا دورانیہ پورا کرے، دوبارہ عوام کی عدالت میں جائے اور عوام کا جو فیصلہ ہو اسے قبول کرنا چاہیئے۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی، تھینک یو۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> جناب سپیکر، شکریہ۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you, thank you.

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u>جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر:</u>جی، عبدالاکبر خان!آپ بھی فاتحہ پڑھنا چاہتے ہیں؟

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> نہیں جی، میں بھی اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے غلام قادر صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ ان کے بھائی جس طرح اس اسمبلی میں ممبر رہے ہیں اور ہمارے ساتھی رہے ہیں، مجھے یقین ہے کہ یہ بھی ان کے نقش قدم پر چلیں گے اور ان کا جو سلوک تھا ہمارے ساتھ، یہ بھی اسی طرح سے آنریبل ممبروں کے ساتھ اپنا سلوک جاری رکھیں گے۔ میں ایک دفعہ پھر مبارکباد پیش کرتا ہوں ان کو۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی بشیر بلور صاحب۔

<u>جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}:</u> سپیکر صاحب، میں ممبر صاحب کو مبارکباد بھی پیش کرتا ہوں اور گلستان خان جو ہمارے پہلے ممبر تھے، ان کو خراج عقیدت بھی پیش کرتا ہوں اور ساتھ ساتھ یہ بھی عرض کرتا ہوں کہ مفتی صاحب نے بڑی صحیح باتیں کی ہیں اور ہم Appreciate کرتے ہیں کہ خدا

کرے سب لوگ مل کر اس بڑے مسئلے کو حل کریں۔ یہ کسی ایک پارٹی کا مسئلہ نہیں ہے، یہ کسی ایک گورنمنٹ کا مسئلہ نہیں ہے، یہ ہم سب کا مسئلہ ہے مگر یہ بھی میں ذرا ریکارڈ درست کرنے کیلئے عرض کرتا ہوں کہ جو جو سیٹیں ہم نے جیتی تھیں، جیسے ہمارے دو ایم پی ایز صاحبان شہید ہوئے تھے تو وہ دوبارہ اے این پی نے جیتی ہیں۔ یا ہماری پیپلز پارٹی کا جو شہید ہوا تھا تو اس کی جگہ اس کا بھائی یہاں پر ممبر بیٹھا ہے۔ ہمیں اعتراض نہیں ہے، جو جو سیٹیں انہوں نے جیتی تھیں، وہی سیٹیں انہوں نے واپس جیتی ہیں۔ یہ ان کا حق ہے اور جمہوری حق ہے، ہر ایک کو ووٹ ملے مگر یہ تو اس پر انشاء اللہ ہوگا کہ Future کی قیادت کون کرتا ہے، کونسی قیادت ہوگی Future کی، مگر ماحول کو ٹھیک رکھنے کیلئے میں ان کو مبارکباد بھی دیتا ہوں اور کہتا ہوں کہ ایسی باتیں نہ کی جائیں کہ یہ پہلا دن ہے اور اس کو خراب کیا جائے۔ میری ریکویسٹ ہوگی کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ ہم اکٹھے مل کر، جیسا کہ ہمیشہ آپ لوگ بھی کہتے ہیں اور ہم بھی کہتے ہیں کہ یہ صوبے کی اسمبلی نہیں ہے، یہ ہمارا جرگہ ہے، جرگے کا مطلب ہے کہ ہم ایک دوسرے کو برداشت بھی کریں گے اور ایک دوسرے کا احترام بھی کریں گے۔ کسی کے جذبات کو ہم ٹھیس بھی نہ پہنچائیں، تو میری یہ ریکویسٹ ہوگی مفتی صاحب سے کہ جو کچھ آپ نے کہا ہے، ہم آپ کے ساتھ Agree کرتے ہیں کہ مل جل کر اس مسئلے کا حل چاہیئے اور مولانا صاحب کے ساتھ جو کچھ ہوا، اس کو ہم Condemn بھی کرتے ہیں اور ہم نے مذمت کی ہے، مذمت کرتے ہیں۔ مولانا صاحب ایک بہت بڑے لیڈر ہیں، ان کی ایک بہت بڑی حیثیت ہے، ان کا صوبے میں کیا پاکستان میں ایک بہت بڑی حیثیت ہے (تالیاں) ہم چاہتے ہیں کہ خدا ان کو تکلیف سے بچائے اور شکر ہے کہ خدا نے ان کو بچالیا اور ہمارے صوبے کی کیا پاکستان کی قیادت کیلئے خدا نے ان کو بچایا ہے اور ہم ان کو مکمل تحفظ بھی، جیسے حکومت نے مکمل تحفظ دیا ہے، انشاء اللہ پھر بھی مکمل تحفظ دیں گے۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔ جی، قلندر خان لودھی صاحب۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> شکریہ جناب سپیکر۔ میں جناب سپیکر، غلام قادر خان کو اپنی طرف سے اور اپنی جماعت کی طرف سے اس ایوان میں آنے پر مبارکباد دیتا ہوں کہ وہ الیکٹ ہوئے ہیں۔ وہ میرے دوست گلستان خان کے بھائی ہیں اور ان کے ساتھ میرے بیس پچیس سال سے تعلقات تھے، بہت اچھا خاندان، بڑے شریف لوگ ہیں۔ جہاں تک مفتی صاحب نے بات کی، پھر بلور صاحب نے بھی بات کی تو میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں صوبے کے عوام کو کہ جو بھی جو کچھ کرتا رہا ہے لیکن جس سیٹ کو جس نے

Lose کیا ہے، وہ اس کے بھائی کو دی ہے یا اس کے بیٹے کو دی ہے، انہوں نے وہی سیٹیں، جیسے ہماری 'کیو' کی سیٹ تھی مسلم لیگ کی، تو یہاں ظاہر شاہ کا بیٹا بیٹھا ہوا ہے، تو یہ عوام ہمارے بڑے قابل تعریف ہیں اور خراج تحسین اس صوبے کے عوام کو پیش کرنا چاہیئے کہ یہ بڑے غیر تمند لوگ ہیں، یہ کسی کے کہنے میں نہیں آتے۔ جس نے بھی سیٹ Lose کی ہے، اسی کے خاندانوں کو دی ہے اور میں نے کئی دفعہ یہ اسمبلی فلور پر کہا ہے کہ جو الیکٹ ہو کر آیا ہے، وہ پانچ سال کیلئے آیا ہے، ہمیں اسے برداشت کرنا چاہیئے۔ ہمیں اتنی فضول خرچیاں اس کیلئے نہیں کروانی چاہئیں، Unopposed اس کو ہمیں سیٹ چھوڑنی چاہیئے۔ اگر کسی پر کوئی حادثہ آجاتا ہے، شہادت ہو جاتی ہے، اپنی طبعی موت سے بھی مر جاتے ہیں تو ہمیں برداشت کرنا چاہیئے اور یہ جو حملے ہوئے ہیں مولانا صاحب پر، یا اس سے پہلے، سب کی مذمت کرتے ہیں جی، یہ ہمارے بڑے قیمتی لیڈر ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو قائم ودائم رکھے جی۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: سکندر خان شیر پاؤ صاحب۔

جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ: ډیره مهربانی جناب سپیکر۔ زه د خپل اړخه او د خپلے پارټئ د اړخه غلام قادر خان ته مبارکی هم ورکومه او دا وئیل غواړمه جی چه دا د دے خیز ثبوت دے چه گلستان خان هم د خپلے علاقے خدمت کړے وو او نن چه د هغوی ورور واپس الیکټ شوے دے، دا مونږ ټولو د پاره د خوشحالئ خبره ده۔ په دے هم زه خوشحاله یمه چه دغے حلقه کښے د ډیرے مودے نه دا Election expected وو او شوے نه وو، بار بار Delay کیدو او دا د هغے حلقے سره زیاتے وو ځکه چه د هغوی نمائندگی په دے جرگه کښے چه موجود نه وه نو یو لحاظ سره د دے صوبے هغه جرگه پوره نه وه۔ دا مونږ د پاره د خوشحالئ خبره ده چه بالآخر هغه الیکشن هلته کښے اوشو او ښه طریقے سره اوشو او مونږ په دے باندے خوشحاله یو چه غلام قادر خان الیکټ شوے دے جی۔ ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: جناب جاوید عباسی صاحب، بیرسٹر جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ میں اپنی طرف سے جناب غلام قادر خان صاحب کو منتخب ہونے پر اور آج حلف لینے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور آج ثابت ہو گیا ہے کہ ان کے بھائی گلستان خان جو ہمارا دوست تھا، ہمارا ساتھی تھا، ہمارا 'کولیگ' رہا ہے، یقیناً ان کی خدمات

کے اعتراف کے طور پر وہاں کے لوگوں نے اسکو ووٹ دیا اور مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ یہ اپنے بھائی کی روایات کو جاری رکھتے ہوئے اس علاقے کی خدمت کریں گے۔ آج ہمارے لئے دکھ کا بھی مقام ہے کہ ہمارا ایک دوست، ساتھی ہم سے بچھڑ گیا، ہم ان کیلئے دعا گو ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو جنت میں جگہ دے، اللہ تعالیٰ ان کے خاندان کو صبر دے اور یہ جمہوری طریقہ ہے، جمہوریت کے اندر لوگ مقابلے بھی کرتے ہیں، پارٹیاں آج بھی الیکشن لڑیں گی اور آئندہ آنے والے وقتوں میں بھی الیکشن لڑیں گی اور جو فیصلہ جب بھی وہاں کے عوام کر دیتے ہیں، ہم اسے دل سے قبول کرتے ہیں اور یہ پہلے سے بھی ہے اور یہی جمہوری حق ہے کہ ہم اس کا حق تسلیم کریں۔ ہاں الیکشن کا جب دور دورہ ہوتا ہے، ماحول ہوتا ہے تو لوگ ایک دوسرے کے خلاف Candidates، جماعتیں ضرور اپنا Election manifesto لیکر جاتی ہیں لیکن لوگوں نے ان کا انتخاب کیا ہے، ہم انہیں مبارکباد دیتے ہیں اور جناب مولانا فضل الرحمان صاحب ہمارے قومی لیڈر ہیں، ان کے جلسوں پر جو دو دھماکے ہوئے ہیں، ہم اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور ہم دعا کرتے ہیں، یہ جو ہمارے قدآور لیڈر ہیں، چند لیڈرز ملک کے اندر باقی رہ گئے ہیں، ہمارے ہاں لیڈر شپ کا بہت بڑا فقدان ہے، ایک لیڈر کسی ایک پارٹی کی وراثت یا سرمایہ نہیں ہے، ہم سارے اس لیڈر کا جو مقام ہے، اس سے واقف بھی ہیں اور اس کا احترام بھی کرتے ہیں، تو ہم حکومت کے بھی مشکور ہیں کہ انہوں نے کہا کہ ہم نے پوری سیکیورٹی ان کو پہلے بھی Provide کی ہے اور آئندہ بھی کریں گے۔ جو Security lapse بھی ہوا ہے، جو کہ نہیں بتایا گیا، یہ ایک ایسا ماحول اس صوبے کے اندر چل رہا ہے، ہماری دعا ہے کہ ہماری لیڈر شپ بھی برقرار رہے، ہماری دعا ہے کہ ہمارے ایم پی ایز، ایم این ایز، ہماری دعا ہے کہ ہمارے عوام جو آئے روز دھماکے ہوتے ہیں، ان کو بھی اللہ تعالیٰ اس میں محفوظ فرمائے۔ جو صبح دھماکہ ہوا، ہم اپنے ہاسٹل کے اندر موجود تھے، بڑا زوردار دھماکہ ہوا ہے تو ہماری اللہ سے دعا ہے کہ یا اللہ! ہمارے اس ملک پر جو آفت آئی ہے، جو مصیبت آئی ہے، اس سے ہم سب کو محفوظ فرمائے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو، یار۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> ایک منٹ جی، یہ نگہت اورکزئی بی بی لیڈیز کی طرف سے دو لفظ بولنا چاہتی ہیں، تمام لیڈیز کی طرف سے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو۔ جناب سپیکر صاحب، شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، غلام قادر خان صاحب کو اس ہاؤس میں خوش آمدید کہتے ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جیسا کہ ان کے بھائی نے اپنے علاقے کے لوگوں کیلئے خدمات انجام دی ہیں، ویسے اس علاقے کے لوگ ان سے بھی انہی خدمات کی توقع کریں گے اور میں ان کو یہاں سے، اس ہاؤس سے یہ یقین دلانا چاہتی ہوں کہ ہم سب ان کے ساتھ ہیں اور جو بھی ایسا مسئلہ ہے تو ہم ان کے ساتھ ہمیشہ تعاون کریں گے۔ دوسری بات جناب سپیکر صاحب، جیسے کہ مولانا فضل الرحمان صاحب کے بارے میں بات ہوئی تو میں سمجھتی ہوں کہ ایسے کچھ لیڈر ہی ہمارے ملک میں رہ گئے ہیں جو پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں تو ان کیلئے یہی دعا کرنا چاہیں گے ہم لوگ کہ ان تمام لیڈران سمیت جو ہمارے ملک کے ہیں، مولانا فضل الرحمان صاحب کو بھی اللہ تعالیٰ اپنے حفظ وامان میں رکھے، بلکہ تمام پاکستان کے لوگوں کو اور اس صوبے کے لوگوں، اور ان دہشت گردوں کو اللہ تعالیٰ، آج جمعہ کا دن ہے اور جمعہ کے دن کی کوئی ساعت ایسی ہوتی ہے کہ جس میں دعا قبول ہو جاتی ہے، ان دہشت گردوں کو اللہ تعالیٰ اندھا، بہرا، لنگڑا لولا کر دے تاکہ وہ دہشت گرد جو انسانیت کے قاتل ہیں، وہ پھر کسی پر حملہ نہ کر سکیں اور ہماری یہ دھرتی ان دہشت گردوں سے پاک ہو جائے اور ہمارا یہ پاکستان امن کا گہوارہ بن جائے۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: آمین۔ لیڈر آف دی اپوزیشن، اکرم خان درانی صاحب۔ تھوڑا سا ان کو موقع دیتے ہیں، خیر ہے۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب، هرڅه نه اول خو زه غلام قادر خان صاحب ته مبارکباد پیش کوم جی۔ هغے نه بعد ګلستان خان زمونږ دلته یو ډیر پوهانو کښے وو او دلته ئے د صوبے خدمات او د خپلے حلقے خدمات دی، هغوی ته مونږ خراج تحسین پیش کوؤ۔ باقی د ټولو سیاسی پارټیانو شکریه ادا کوم چه دوئ زمونږ منتخب ممبر ته مبارکباد پیش کړو۔ نوے کال دے، په هغے باندے به هم دعا غواړو چه یره دا په خیر سره په دے ملک کښے هم په امن سره وی جی او الیکشنے چه دی چه دا سلسله جاری وی نو بیا د خلقو توجه به هم په جمهوری لاره باندے وی۔ هغے طرف ته د خلقو توجه نه ځی چه د طاقت په زور باندے او په بل څه باندے، په دے باندے راشی او په ملک کښے چه صحیح جمهوری نظام وی نو په هغے کښے یقیناً دا وی چه عوامو ته هم

فائده وی۔ دلته زه صرف یو خبره واضح کومه چه حقیقت دا دے چه چرته هم الیکشن شوے دے ، په هغے کښے د خلقو همدردی خامخا د هغه خاندان سره وی او پکار هم ده، زمونږ د پښتو خپل روایات هم دی خو په دے ضمنی الیکشن کښے دوه حلقے داسے هم راغلے چه هغے باندے زمونږ Candidates نه وو جی۔ یو په مانسهره کښے جی خالی شوے وه، په هغے باندے زمونږ والا لائق محمد خان صاحب راغے چه هغه زمونږ Candidateنه وو خو اعتماد په جمیعت علماء اسلام باندے عوامو کړے دے۔ دویمه حلقه زمونږ چه وه هغه په لکی مروت کښے د پیر صاحب زکوړی صاحب خالی شوے وه چه هغه د جمیعت علماء اسلام په ټکټ باندے نه وو، نو مونږ غواړو جی چه په دے صوبه کښے جمهوری نظام هم وی او په ښه انداز باندے د یو بل احترام هم کوؤ او چه چرته جمهوری حکومت وی پکار دا ده، دا عوامو راوستے وی چه هغه خپل وخت هم پوره کړی او د دوئ به هم خیال ساتو چه د چا وخت وی، دا به د عوامو خبره وی، سبا چه چا ښه حکومت کړے وی، بیا به ورسره لاړ شی، که ښه کارونه ئے وی لاړ به شی۔ دا یو واحد طاقت چه که دلته عوام دا انتخاب چه دے دوئ کوی، دا جمهوری نظام دوئ جوړوی، د نورو خلقو اختیار نه وی نو انشاء الله دا ملک به د ترقئ په طرف باندے وی۔ په اخر کښے یو ځل بیا زه د سیاسی پارټیانو د مشرانو شکریه ادا کوم۔ ډیره ډیره مننه۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جناب عبدالاکبر۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: عبدالاکبرخان که دا رول دغه کوی نو زما به گزارش وی چه په هغے ماته لږه موقع راکړئ، زه به دوه درے خبرے اوکړمه۔ د بهټو صاحب د ذات نه څوک انکار نه شی کولے که چرته دے د پاره بحث وی نو زه به تاسو ته گزارش کومه چه ماته د څو خبرو موقع راکړئ۔

جناب سپیکر: اودریږه چه وائے ورو چه څه د پاره بار بار پاڅی۔

ملک قاسم خان خٹک: سپیکر صاحب! دا غلام قادر خان صاحب خبرے کوی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عبدالاکبرخان! یو منٹ کښینه، دا زمونږ نوے ممبر صاحب دے۔

جناب عبدالاکبر خان: اس طرح تو-----

جناب سپیکر: خیر دے۔ (قہقہہ) جی غلام قادر خان صاحب۔ دا زمونږ نوے ورور دے ، نوے ممبر دے۔

(تالیاں)

جناب غلام قادر خان بیٹنی: جناب سپیکر صاحب او دا ناست د صوبائی اسمبلئ ټولو ممبرانو! زه ستاسو شکریه ادا کوم۔ شکریے نه بعد زه راغلے یم، زه به تاسو سره ښه وخت تیروم بحیثیت د ورونړو، مونږه او تاسو ټول ورونړه یو او زه به ستاسو داسے قدر کوم لکه د ورونړو۔ پاتے شوه دا چه مونږ ته په ټانک کښے یو مسئله ده وړه غوندے چه دوه کالو راسے په مونږ دفعه ایک سو چوالیس لګیدلے ده، په هر چا ئے لګولے ده۔ ټانک ضلعے نه مونږه چه څه شے بهر اوباسو هغه مونږ پرمټ اخلو نو چه دا شے په مونږه ختم شی۔ والسلام۔

جناب عبدالاکبر خان: اوس پاڅم؟

جناب سپیکر: بالکل به پاڅے خو بشیر بلورصاحب!دا یو ریکویسټ ئے اوکړو، دا به تاسو دغه کوئ جی۔دا نوے ممبر صاحب دے ، د دوئ به تاسو خیال ساتئ جی۔ (جناب غلام قادر خان نو منتخب رکن سے) تاسو به بشیر بلور صاحب سره وروستو ملاویږئ۔

قائد حزب اختلاف: سپیکر صاحب! که ماته لږ وخت راکړئ ولےچه تاسو کوم ریزولیوشن، قرارداد راوړل غواړئ نو په هغے باندے ماته د څه وئیلو موقع راکړئ، زه به ستاسو شکریه ادا کړم۔

جناب سپیکر: نه در به کړم خو اودریږه چه هغوی څه وائی؟ خدائے خبر-----

قائد حزب اختلاف: اوئے وئیل، اوئے وئیل۔

جناب سپیکر: هغه خو پته نه لګی چه بل څه نه وائی۔ (قہقہہ) چه پته خو ئے اولګی چه څه وائی؟ میاں صاحب۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب، د دے ټولو نه Topicخو Wind upشو خو ګلستان خان زمونږ پښتون سټوډنټ فیډریشن کښے زمونږ سره پاتے وو، ما ډیره ګوته اوچته کړه خو چا ماته توجه او نه کړه، کیدے شی چه دا کیمرے ستاسو مخامخ وے، نو په ځان باندے حق ګنړو چه چونکه مونږ سره یو ځائے پاتے وو او مونږ سره ئے ډیره ښه وروروَلی وه، خدائے د هغوی اوبخښی او د هغوی برکت د د هغوی په ورور باندے کیږدی او د دے سره دا یو خبره چه دوئ اشارتاً اوکړه د مولانا فضل الرحمان صاحب، تاسو یقین اوکړئ چه د سیکورټی په حواله باندے چه زمونږ پولیس کومه قربانی کړے ده او دا په صوابئ کښے چه کومه واقعه شوے ده، خودکش بالکل راغلے دے او په دے نیت راغلے وو چه هغه به د مولانا صاحب او د هغه سره ترلی ملګری ټارګټ کوی۔ اے ایس آئی سردارعلی ته پته هم لګیدلے ده، هغه پرے آواز هم کړے دے۔ چه کله هغه ته پته اولګیده چه زه اوس ګیر شوم نو هغه ځان بلاسټ کړے دے او زمونږ د پولیس سردار اے ایس آئی پکښے شهید شو او نور پولیس والا۔ زما د خبرے غرض دا دے چه د حکومت د ننه د پولیس کردار نن دومره د ستائنے وړ دے چه هغه زمونږ عوام او زمونږ لیډران بچ کوی او ځان قربانی کوی، لهذا مونږ د هغوی په دے وخت دے قربانو ته سلام پیش کوؤ او دغه رنګ په چارسده کښے، چه کله دا واقعه په صوابئ کښے اوشوه نو مونږ په چارسده کښے د سیکورټی انتظامات د دے نه سیوا اوکړل، لهذا د هغوی دا ټارګټ وو چه اول به پولیس وهو، پس د هغے به مولانا صاحب ته ځان رسوؤ، لهذا هغه چه وړومبے کله ورغلے دے نو د پولیس په وین باندے ورغلے دے، جمروز زمونږ ایس ایچ او وو چه ډیر نر سړے وو او ورسره نور ملګری، عوام هم پکښے شهیدان شوی دی، مونږ د هغه نرتوب او قربانو ته هم سلام پیش کوؤ۔ لهذا په دے وخت کښے چه دا ټولے خبرے رایوځائے کړے د سیکورټی په بنیاد د حکومت انتظامات او د انتظاماتو سره بیا د پولیس دا بے انتها قربانی، مونږ دے ته د قدر په نظر ګورو او هغوی ته سلام پیش کوؤ او که خدائے کړے خیر وی چه د قوم او د پولیس دا جذبه وی، دا دهشت ګرد زمونږ ویښته هم نه شی ضائع کولے-----

جناب سپیکر: انشاء اللہ۔

وزیر اطلاعات: او دا جهاد به چه کوم دے هم مونږ گټو او دا دهشت گرد به ئے بائیلی۔

جناب سپیکر: انشاء اللہ۔

وزیر اطلاعات: مهربانی۔

جناب سپیکر: جی عبدالاکبر خان! تاسو څه وئیل غواړے ؟

قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں تو رول سسپنڈ کرانے کی درخواست کر رہا ہوں کہ 240 کے تحت Rule 124 کو Suspend کیا جائے اور ایک ریزولیوشن ہے، مجھے اس کو پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Speaker: Is the desire of the House that ------

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر، که تاسو ما له اجازت را کړئ چه-----

جناب سپیکر: کوئ به پرے، او دریږه چه دا قرارداد خو راشی چه څه وائی ؟

قائد حزب اختلاف: د قرارداد ضرورت خو-----

جناب سپیکر: نه چه راخو شی کنه، د Proceedings مطابق به چلو جی۔ Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240 to allow the honourable Member / Minister to move their resolutions? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The honourable Member -----

آوازیں: جناب سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب۔

Mr. Speaker: Mr. Akram Khan Durrani Sahib. First, the Leader of the Opposition.

قائد حزب اختلاف: محترم سپیکر صاحب، ستاسو ډیره مننه۔ عبدالاکبر خان صاحب چه کوم تاسو ته گزارش اوکړو جی او هغوی دلته په هاؤس کښے کوم قرارداد راوړل غواړی، نن په اخباراتو کښے هم تقریباً هغه راغلے دے، چونکه

زه بار بار ځکه پاڅیدم چه هغه میډیا ډیره تیزه ده، دا ستاسو دا اجلاس راغوښتل هغوی په دے انداز باندے اغستے دی چه شاید دا اجلاس د دے قرارداد د پاره راغوښتے شوے دے، تبصرے هم راغلے دی، یو خو به جی دا وی چه۔۔۔۔

جناب سپیکر: هغے کښے زه یو وضاحت کوم چه یو خو د پارلیمانی سال ورومبنے دغه دے، د بجټ نه مخکښے یو اجلاس راغوښتل هسے هم ضروری وو او کیدے شی دا اجلاس لږ ډیر اوږد هم وی، پندره بیس ورځے، میاشت نو دا یواځے د دے قرارداد د پاره نه دے راغوښتے شوے، دا لږ وضاحت پکار دے جی۔ جی، اکرم خان درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: ډیره ښه ده، نو دیکښے جی محترم سپیکر صاحب چه کوم د شخصیت مطابق دا قرار داد راغې بیا هغے نه څوک انکار نه شی کولے چه بهټو صاحب چه وو هغه د دے ملک یو عظیم لیډر وو جی او د هغوی خپل خدمات، د هغوی د کورنئ خدمات، هغه بالکل داسے دی لکه د نمر پشان په دے ملک کښے دی، مونږ د هغے ستائنه کوؤ۔ اوس لږه خبره په دے باندے جی کول غواړو چه د هغے وخت نه بعد د پیپلز پارټئ یو درے حکومتونه راغلل چه په هغے کښے دوه ځله حکومت د دوئ د خپل د کور د بچئ د بے نظیر بهټو هم راغلے دے، بیا پکښے اوس موجوده حکومت هم راغے نو اوس په دے بنیاد باندے که تاسو اوګورئ، دیکښے خو حجانو خپله هم لیکلے دی او د دے نه هم څوک انکار نه کوی چه هغه Murder چه وو هغه عدالتی وو، په دیکښے تقریباً هغه خبره۔۔۔۔

آوزیں: اردو میں، اردو میں۔

قائد حزب اختلاف: میرے خیال میں یہ کچھ ساتھی کہہ رہے ہیں کہ اردو میں کر لیں تو ٹھیک ہے اس کی بات۔ (قہقہہ) سپیکر صاحب، تو ان کی وہاں پر خدمات کے بارے میں میں نے بات کی اور ان کی جو شخصیت ہے لیکن اس کے بعد پیپلز پارٹی کی یہ تیسری بار حکومت ہے تو ابھی لوگ اس کو اس نظر سے دیکھتے ہیں کہ آیا اس وقت میں کیوں اس کی ضرورت پیش نہیں ہوئی جب دو بار اس کی بیٹی پرائم منسٹر تھی؟ ابھی یہ تیسری بار ہے تو ابھی چونکہ اس وقت یہ معاملہ جو ہے، عدالت میں بھی ریفرنس اس کا گیا ہے اور انہوں نے Accept بھی کیا ہے تو ان موجودہ حالات میں ملک کے یہاں پر جو کچھ ہم دیکھ رہے ہیں، روزانہ کا جو معمول ہے، ابھی ان حالات میں اداروں کا جو ٹکراؤ ہے، میں نہیں سمجھتا، میں نے دوسری قرارداد پہ بھی

یہی بات کی تھی کہ یہ حالات ہمیں اجازت نہیں دیتے کہ آپس میں ہم اداروں کا ٹکراؤ کریں اور اس سے صرف ایک ہی جو بو آتی ہے، چونکہ عدالت نے تو Accept کیا ہے، وہاں پر وہ فیصلہ بھی دے گی لیکن یہ قرارداد ابھی اس عدالت میں Pressurize کرنے کیلئے تو نہیں ہے۔ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ اس قرارداد کو پہلے صوبائی اسمبلی لاتی اور یہ گزارش یہاں پر کرتی کہ مرکزی حکومت سے گزارش ہم کرتے ہیں کہ اس کو دوبارہ زیر غور لایا جائے۔ اس سے پہلے کہ وہاں پر ایک فیصلہ بھی ہوا ہے، عدالت میں ابھی ریفرنس بھی داخل ہے، Accept بھی ہے تو ان حالات میں دوبارہ اس پہ قرار داد لانا میرے خیال میں آپس میں اداروں کے ٹکراؤ کی بات ہے اور ہم نہیں چاہتے کہ ان حالات میں اس ملک میں اداروں کا آپس میں ٹکراؤ ہو۔ یہاں پر جب ہم اٹھتے ہیں تو ایک ہی بات کرتے ہیں کہ ہم نے ملکر سب کچھ کرنا ہے، سب سیاسی جماعتوں نے بھی ساتھ چلنا ہے۔ پولیس کا ادارہ ہے یا دوسرے ادارے ہیں یا عدلیہ ہے اور جب کبھی ایسی بات آجاتی ہے تو اس وقت ہمیں یہ خیال کیوں نہیں آتا کہ ہم کیوں یہ ٹکراؤ لیتے ہیں؟ ابھی میں تو یہی گزارش کروں گا کہ اس وقت عقل کی بنیاد پہ ہم نہیں سمجھتے کہ اس کی تقویت کیا ہو گی، آیا اس کی ضرورت کیا ہے؟ میرے خیال میں کوئی بھی اگر اس پہ مجھے مطمئن کرے کم از کم کہ اس وقت اس قرارداد کو لانے کی ضرورت کیوں پیش آئی، بجائے پندرہ، بیس سال پہلے اس کو لانے کی؟ تو ہم صرف یہی گزارش کر سکتے ہیں کہ جو ہماری جماعت ہے یا ہم اپوزیشن میں ہیں تو ہم ان حالات میں نہیں چاہتے کہ اداروں کا ٹکراؤ ہو، ہم ایک مضبوط پاکستان دیکھنا چاہتے ہیں اور یہاں پر یہ ادارے جتنے بھی ہیں، یہ اگر مضبوط ہوں تو اس سے پاکستان مضبوط ہو گا اور آپس میں جب اداروں کا ٹکراؤ ہو گا تو اس سے پاکستان کی جو مضبوطی ہے، اس پر اثرات پڑیں گے، تو لہذا ہم اس میں شامل نہیں ہو سکتے کہ اس قرارداد میں چونکہ بعد میں جو آنے والا وقت ہے، ان اداروں کا جو ٹکراؤ ہے، اس سے جو نقصانات ہیں، اس میں ہم اپنا حصہ نہیں ڈال سکتے، لہذا ہم اسی بنیاد پہ یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ بھٹو صاحب کی جو ذات ہے، اسکی جو شخصیت ہے، ان کی جو خدمات ہیں، اس کے ساتھ جو مظالم ہوئے ہیں، وہ بالکل ہماری نظر میں بھی ہیں، ہم اس کو قدر کی نگاہ سے بھی دیکھتے ہیں، بلکہ بھٹو صاحب کے علاوہ جو اور بھی لیڈر شپ ہے، اس قوم نے جو دی ہے، ہم اس کا بھی احترام کرتے ہیں اور دل سے اس کا احترام کرتے ہیں تو اسی بنیاد پہ صرف میں اپنی بات اس معزز ایوان میں ریکارڈ پر لانا چاہتا تھا کہ ایک وقت آئے گا جب اس کے نقصانات سامنے آئیں گے تو لہذا ریکارڈ کیلئے میں اپنی یہ بات کروانا چاہتا تھا۔ باقی آپ کی میجارٹی ہے، آپ لوگوں کی حکومت ہے، جس طرح بھی قرارداد آپ

لاتے ہیں، بات بھی کروا سکتے ہیں لیکن ہم کو اپنا نقطہ نظر پیش کرنے کا آپ نے موقع دیا تو میں آپ کا بھی مشکور ہوں اور جن ساتھیوں نے میرے خیال میں بڑے اچھے انداز سے سنا، میں سب کا مشکور ہوں۔

جناب سپیکر: جی۔ جناب جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: بہت شکریہ۔ جناب سپیکر، مجھے اندازہ نہیں تھا درانی صاحب کی بات کا اور جو عبدالاکبر خان صاحب نے یہ آج رول کی سسپنشن کی بات کی ہے، جناب سپیکر، میں درانی صاحب کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں جناب شہید ذوالفقار علی بھٹو صاحب کی شخصیت کے بارے میں کہ جو خدمات انہوں نے اس ملک کیلئے کی ہیں اور جو اس ملک کیلئے آئین دیا ہے، جو انہوں نے جمہوریت کیلئے خدمات انجام دی ہیں جناب سپیکر، اس سے کسی کو انکار نہیں ہے اور اپنی شہادت کے وقت تک پاکستان پیپلز پارٹی کے لیڈر تھے لیکن شہادت کے بعد اس پوری قوم نے ان کو اپنا لیڈر اور اپنا رہنما مانا ہے اور مانتی ہے اور بہت سے ایسے مقامات آتے ہیں، ان کی مثالیں دی جاتی ہیں جناب سپیکر، اور بہت سارے ایسے موقعے ہیں کہ لیڈر شپ جو ہماری ہے، جو پاکستان کی اس وقت موجودہ لیڈر شپ ہے وہ بھی ان کی خدمات کو ہمیشہ گاہ بگاہ خراج تحسین پیش کرتی ہے اور یقیناً اس ملک کیلئے، اس جمہوریت کیلئے اس سارے خاندان کی خدمات جو ہیں، وہ قابل تعریف ہیں، اس سے کسی کو کوئی انکار نہیں ہے اور کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ (تالیاں)

لہذا جناب سپیکر، یہ ایک سازش ہو رہی ہے، یہ ریفرنس جو بھیجا جا رہا ہے آج یہ بدنیتی کی بنیادوں پر بھیجا جا رہا ہے، اس میں نیک نیتی نہیں ہے۔ آج جب ایک آزاد عدلیہ اس ملک کے اندر کام کر رہی ہے اور یہ ساری جماعتیں اور ہر ایک، پاکستان پیپلز پارٹی بھی کھڑی ہو کر، صدر پاکستان بھی کھڑے ہو کر کہتے ہیں کہ آج اس ملک کی عدالتیں آزاد ہیں، جناب سپیکر، اگر ملک کی عدالتیں آزاد ہیں، ریفرنس اس کے اندر چلا گیا اور 13 تاریخ انہوں نے مقرر کر دی ہے کہ ہم اس ریفرنس کو Take up کریں گے، اس معاملے کو سنیں گے۔ نہ تو سینٹ، نہ قومی اسمبلی، نہ کسی اور نے ریزولیوشن پاس کی اور سنتے ہیں کہ یہ پارلیمان کا کام نہیں ہے۔ اگر اس پارلیمان سے، اس ادارے سے آج کوئی ریزولیوشن جائے گی تو یہ سمجھا جائے گا کہ ہم عدالتوں کو Influence کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جناب سپیکر، جو کسی طور پہ جائز نہیں ہے۔ ہم جب بھی کوئی معاملہ یہاں اٹھاتے ہیں، ہمیشہ کہا جاتا ہے کہ یہ معاملہ Sub judice ہے، اسمبلی میں اس کو ڈسکس نہیں کیا جا سکتا، تو جناب سپیکر، آج بھی وقت آ گیا کہ یہ معاملہ Sub judice ہے اور اگر اس معاملے کو متنازعہ بنانا ہے، جناب سپیکر، اگر یہ سمجھتے ہیں کہ کوئی شخصیت جس کا سب کے دلوں میں احترام

ہے، جو سارے اس کو اور اس کے اقدامات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور میں اس کیس کے میرٹ پہ بھی نہیں جاؤں گا، ہم بھی سمجھتے ہیں کہ وہ کیس ٹرائیل ٹھیک نہیں تھا اور Judicial murder، ہم نے کبھی اس کو کسی نے Defend نہیں کیا لیکن جس مسئلے کی طرف آپ یہ ریفرنس لے کر جانا چاہ رہے ہیں، جہاں یہ ریفرنس لے کر جائیں گے، اب یہ وہاں سے کیا حاصل کرنا چاہ رہے ہیں؟ اس سے ان اداروں کے درمیان ٹکراؤ پیدا ہو گا۔ آج اچھا تو یہ ہوتا کہ ریفرنس پیش کرنے سے پہلے ہی یہ ہم سے رائے لیتے، آج ہمیں یہاں اس اسمبلی کے اندر بتایا جاتا کہ یہ ریفرنس کیا ہے، ریفرنس کے Contexts کیا ہیں؟ کیا انصاف مانگنے کیلئے یہ جا رہے ہیں، کسی نے یہ بات نہیں کی لیکن اگر کسی کو خوش کرنے کیلئے اداروں کے درمیان ٹکراؤ پیدا ہو گا تو یہ جمہوریت کیلئے خطرناک ثابت ہو گا۔ یہ اس ملک کیلئے، آئین کیلئے ٹھیک ثابت نہیں ہو گا اور ایک عجیب روایت چلی ہے اس صوبے کے اسمبلی کی کہ سپریم کورٹ اگر کوئی فیصلہ کرتی ہے تو اس کے خلاف ہم کہتے ہیں کہ فلاں اپوزیشن لیڈر کے خلاف یہاں قرارداد لے آتے، پاکستان کی تاریخ میں ایسا نہیں ہوتا تھا کہ آپ کو ایک فیصلہ پسند نہ آئے سپریم کورٹ کا، آپ سپریم کورٹ کے خلاف بات نہ کر سکے تو آپ اپوزیشن لیڈر کو یہاں بیچ میں لاتے ہیں اسلئے کہ وہ عدالتوں کے اندر گیا تھا؟ ہمارا ان عدالتوں کے اوپر مکمل اعتماد ہے، یہ وہ عدالتیں نہیں ہیں جنہوں نے ذوالفقار علی بھٹو کو سزا دی تھی۔ آج کی عدالتیں اس ملک کی آزاد عدالتیں ہیں اور عدالتیں اس طرح نہیں ہوئیں آج، جناب سپیکر، ان کیلئے اس ملک کے لوگوں نے قربانی دی تھی، اس ملک کی سیاسی جماعتوں نے قربانی دی تھی اور الحمد للہ ایک ڈکٹیٹر کے خلاف لڑائی کر کے اس ملک کی عدالتوں کو آزاد کرایا گیا ہے۔ یہ سارا کریڈٹ تمام سیاسی جماعتوں کو جاتا ہے جناب سپیکر۔ اس وقت جناب سپیکر، یہ ضروری ہے کہ اداروں کے درمیان ٹکراؤ جو ہے، وہ پیدا نہ کیا جائے۔ یہ ہماری اسمبلی میں آکر معاملہ وہاں گیا ہوا ہے اور اگر یہ کسی کو خوش کرنے کیلئے خراج تحسین پیش کر رہے ہیں، یہ مجھے پتہ ہے ابھی عبدالاکبر صاحب شاید یہ بات کہیں کہ ہمارا معاملہ عدالتوں کا نہیں ہے، ہم تو کسی لیڈر کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے جا رہے ہیں تو جناب محترم، اگر کوئی ایک کام کرتا ہے، کوئی اپنی Constitutional requirement پوری کرتا ہے، اس کیلئے یہاں اسمبلیوں سے قراردادوں کی کسی طور پر بھی ضرورت نہیں ہے جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی۔

جناب محمد جاوید عباسی: لہذا میری گزارش ہو گی کہ ابھی بھی وقت ہے، ابھی بھی وقت ہے کہ یہ ابھی اس بات کو واپس لے لیں اور ہمارے صوبے سے کوئی ایسا میسج نہ جائے جس سے پتہ چلے کہ ہم سپریم کورٹ کو Influence یا Pressurize کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جناب سپیکر۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، جناب عبدالاکبر خان! یہ پیش کریں تو پھر آپ اس پر بولیں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، اگر یہ پھر۔۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: چلیں قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، جس لیڈر کے بارے میں آج یہاں بات ہو رہی ہے، اپنی زندگی میں بھی وہ عظیم لیڈر تھے کیونکہ وہ اسلامی بلاک بنا رہے تھے اور اس کی موت کے بعد تو ساری دنیا پر واضح ہو گیا کہ وہ کتنے عظیم لیڈر تھے۔ اگر وہ زندہ ہوتے تو میرے خیال میں اس وقت پاکستان کا نقشہ ہی بدل جاتا۔ وہ اسلامی بلاک بنا رہے تھے، اسلامی بینک بنا رہے تھے، وہ کیا کیا کچھ کر رہے تھے لیکن ان کی جو موت واقع ہوئی، وہ ہم سب کے سامنے ہے کہ اسے جس طریقے سے، لیکن اس میں ایک بات مجھے سمجھ نہیں آتی کہ بیٹی سے ہمدرد کون ہو گا؟ ان کی بیٹی سے زیادہ ان کا کوئی ہمدرد نہیں تھا اور اس سے قابل اس پارٹی میں یا اس خاندان میں کون ہے؟ جس نے اس کی ضرورت کو نہیں سمجھا، اس وقت اس نے اس کو برداشت کیا، بڑے پن کا ثبوت دیا اور وہ اس وقت میں ایک دفعہ پرائم منسٹر بنی، دوسری دفعہ پرائم منسٹر بنی اور پھر وہ انٹرنیشنل فریم کی لیڈر تھی تو اس نے کبھی اس چیز کو نہیں اٹھایا تو آج مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ یہ ضرورت آج کیسے محسوس ہوئی؟ اور ایسے موقع پر ہماری اسمبلی میں اس کی قرارداد پیش ہو رہی ہے، اس کی Date بھی Fix ہو گئی ہے، ریفرنس داخل ہو گیا، سپریم کورٹ میں بنچ بھی بن چکی ہے اور 13 تاریخ کو اس کی سماعت بھی ہو گی اور اس میں میں نہیں سمجھتا کہ ہم کس لئے اس کو لے جانا چاہتے ہیں؟ لیکن یہاں چونکہ تھوڑا سا مسلم لیگ کے ساتھ بھٹو صاحب کا کچھ ایسا مسئلہ آ گیا تھا، جو میری پارٹی کے جو قائد ہیں، انکے والد کے Murder کے کچھ مسئلے میں تو میں آج اس لئے ان کی اس قرارداد کی حمایت میں کھڑا ہوں گا، بیٹھوں گا کہ وہ لوگ یہ نہ سمجھیں کہ ان کی دشمنی کی بناء پر، آج اگر اس کی کوئی تفصیل، کوئی ڈیٹیل کو Thrash out کیا جاتا ہے کہ یہ کیس کیسے ہوا؟ تو اس کی اس لئے بھی حمایت کرونگا کہ ان پر میرے قائد

کے والد کا الزام تھا کہ اس کو قتل کروایا، تو اس پر یہ نہ سمجھا جائے کہ ہم اپنی ذاتی دشمنی کو لیکر اس کو Oppose کر رہے ہیں، اس لئے میں آج اس کی حمایت کرونگا اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ بھٹو عظیم لیڈر تھے، وہ انٹرنیشنل لیڈر تھے اور ان کے ساتھ اگر زیادتی ہوئی ہے، اگر وہ Thrash out ہو جاتی ہے تو اس میں یہ کہنا کہ سپریم کورٹ، سپریم کورٹ تو سپریم ہے، وہ تو سب سے اوپر ہے، تو اس نے جو کچھ کرنا ہے وہ کرنا ہے، ہماری قرار دادوں سے اس پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور ہم اس کو Threat بھی نہیں دے رہے، ہم عدالت کو کوئی Threat تو نہیں دے رہے۔ یہ ایک عقیدت ہے لیکن بے وقت ہوئی ہے، وقت پر ہونی چاہیئے تھی، آج سے اٹھائیس سال پہلے ہونی چاہیئے تھی، آج بے وقت ہو رہی ہے، اس کی مجھے سمجھ نہیں آتی لیکن چونکہ ہماری پارٹی کا اس کے ساتھ ایک ذاتی Clash آتا ہے اس لئے میں اس کی حمایت کرونگا اور میری پارٹی بھی۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر، جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> پہلے آپ بیٹھیں، لیڈرز بیٹھے ہیں، آپ بیٹھیں۔ بی بی، نگہت بی بی۔

(شور)

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، بھٹو صاحب جیسی شخصیت کیلئے صرف یہ ایک شعر سے ابتداء کرونگی کہ:

ؔ
ہم تو مٹ جائیں گے اے ارض وطن
ہم تو مٹ جائیں گے اے ارض وطن
لیکن تم کو زندہ رہنا ہے قیامت کی صبح ہونے تک

اور جناب سپیکر صاحب، جیسا کہ میرے قائد قلندر لودھی صاحب کہہ چکے ہیں، میں اس تفصیل میں نہیں جانا چاہونگی کہ بھٹو صاحب کے ساتھ جو ظلم جو ستم اور جو صعوبتیں ان کو جیل میں ملیں اور جناب سپیکر صاحب، جس ڈکٹیٹر نے ان کو دیں، کچھ لوگ اس ایوان میں بیٹھے ہیں کہ انہی ڈکٹیٹر کی گود میں بیٹھ کے ان کی پروان ہوئی، ان کی تمام سیاسی نشو نما ہوئی۔ بہر حال میں اس مسئلے کی طرف نہیں جانا چاہتی لیکن میں یہ کہونگی کہ چونکہ ہماری پارٹی انتقام کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی، ہم سمجھتے ہیں کہ جمہوری طریقوں سے ادارے جو ہیں، وہ پھلے پھولیں اور اس وجہ سے ہم آج اس قرار داد کی حمایت کرنے

کیلئے آپ کے ساتھ بھٹو صاحب کے، جو اتنے عظیم لیڈر تھے، جنہوں نے اسلامی بلاک بنایا، (تالیاں) ہم اس قرار داد کی حمایت بھی کریں گے، اس ہاؤس میں بھی بیٹھیں گے اور اس کو Unanimously پاس کرنے کیلئے آپ کا ساتھ بھی دیں گے۔ جناب سپیکر صاحب، چونکہ ہماری پارٹی انتقام کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی۔

جناب سپیکر: شکریہ بی بی۔ جناب پیر صابر شاہ صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: شکریہ جناب سپیکر۔ آج اسمبلی کے اندر جو قرار داد پیش ہوئی ہے۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: ہوئی نہیں ہے، ہونے جا رہی ہے۔

سید محمد صابر شاہ: اچھا، ہونے جا رہی ہے، اچھا شکر ہے کہ پیش نہیں ہوئی۔ (قہقہے) جو قرار داد پیش ہونے جا رہی ہے، اس میں غالباً اس بات کو کہ آج سے میرے خیال میں بیس سال پہلے یا۔

آوازیں: بتیس سال پہلے۔

سید محمد صابر شاہ: جی؟

آوازیں: بتیس سال پہلے۔

سید محمد صابر شاہ: بتیس سال پہلے، اٹھائیس سال، جو بھی عرصہ ہے، میں چونکہ تیزی سے آیا، تھوڑی میری سانسیں ابھی پھول رہی ہیں، جو بھی عرصہ تھا، اس عرصے کے اندر جو پاکستان کی تاریخ ہے جناب سپیکر، پاکستان کی تاریخ کے اندر ذوالفقار علی بھٹو ایک عوامی لیڈر کو جس طرح، مسلم لیگ سے میرا تعلق ہے، ہم اپنی سوچ، اپنا نظریہ رکھتے ہیں، پیپلز پارٹی کے ساتھ بھٹو شہید کے ساتھ یقیناً اختلاف رائے ضرور تھا اور شاید ہے بھی اور رہے گا بھی لیکن جمہوریت کے اندر، جمہوریت نام ہی اسی کا ہے کہ آپ اپنی ایک سوچ رکھتے ہیں، ایک نظریہ رکھتے ہیں اور اسی سوچ اور اس نظریے کے عالم کو لیکر آپ آگے چلتے ہیں، اس کا دفاع بھی کرتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کا اپنا منشور، اپنی سوچ، عوامی نیشنل پارٹی کی اپنی سوچ، ہمارا اپنا نظریہ، کیونکہ ہم دو قومی نظریے کے وارث ہیں لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ چاہے وہ کوئی بھی ہو لیکن اس ملک پر جب سے آمریت نے، جب سے فوجی حکمرانوں نے اس ملک کے اقتدار پہ شب خون مارنے کا سلسلہ شروع کیا ہے اور یہ ہمیشہ سے آمرانہ قوتوں کا وطیرہ رہا ہے کہ کسی بھی لیڈر کو ایک محدود قد سے اوپر جانے نہ دیا جائے اور اگر کوئی اپنے قد کاٹھ سے باہر نکلنے کی کوشش کرتا ہے تو پھر اس کے قد کو یا چھوٹا کیا جائے اور یا پھر ذوالفقار علی بھٹو کی طرح پھانسی پر لٹکا دیا جاتا ہے۔ اس قوم کو، اس جمہوری ادارے کو، اس ملک کو کہ

جو جمہوریت کی اس بھٹی میں سے گزر کر قیادتیں جو ہیں وہ سامنے آتی ہیں، لہذا یہاں پہ کوئی قومی قیادت میسر نہ ہو اور ایک سوچی سمجھی سکیم کے تحت جمہوری اداروں کو کام کرنے نہ دیا جائے، ان کی Tenure کو پورا نہ کرنے دیا جائے اور ان کے راستے کو، کبھی بھی کامیابی کی طرف اگر جانا چاہیں، روکا جائے، انہیں ہمیشہ اچھی قیادت سے محروم رکھا جائے اور یہ اس سازش کا حصہ تھا کہ ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دی گئی اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے، جتنی بھی اس کی مذمت کی جائے، یہ پاکستان کی تاریخ میں اس ملک کے ماتھے پہ ایک بدنما داغ ہے (تالیاں) کہ عدالتوں کو استعمال کرکے عدلیہ کے ذریعے سے جہاں ہمیشہ آمریت کو دوام ملا ہے، اسی آمریت نے عدلیہ کا سہارا لیکر ایک لیڈر کو، ایک قائد کو، ایک قیادت جو اس ملک کے اندر میسر تھی، اس کو قتل کیا، اس کی ہم مذمت کرتے ہیں لیکن جناب سپیکر، گزارش یہ ہے کہ ہمیں یقیناً اس بات پہ افسوس بھی ہے، اس کی مذمت بھی ہونی چاہیئے بلکہ میں یہ کہونگا کہ ذوالفقار علی بھٹو کے کیس کو صرف یہ نہیں کہ ایک محدود پیمانے میں رکھ کر اس کی کھوج لگائی جائے، اس کی تہہ تک پہنچا جائے، اس کے اندر جو عناصر، جن لوگوں کا کردار تھا، اس کو بھی دیکھا جائے۔ چونکہ جناب سپیکر، حقائق پردے کے اندر ہیں، آج بھی حقائق سے پردہ اٹھانے کی کوشش نہیں کی جارہی، آج بھی ذوالفقار بھٹو کی شہادت کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش نہیں ہے، اس کو کیش کرنے کی کوشش ہے۔ ہمیں معلوم کرنا چاہیئے کہ عدالتوں کا کردار کیا تھا، ہمیں معلوم کرنا چاہیئے کہ آمریت کا کردار کیا تھا اور ہمیں یہ بھی معلوم کرنا چاہیئے کہ ہم جو جمہوریت کے دعویدار ہیں، ہمارا کیا کردار تھا؟ (تالیاں) اگر خود احتسابی نہیں ہوگی، اگر ہم احتساب سب کا کریں گے، اپنا نہیں کریں گے تو میں یہی کہونگا جناب سپیکر، سخت لفظ ہے لیکن میں کہونگا کہ یہ حقیقت نہیں ہے یہ محض آنکھوں میں دھول جھونکنے کی بات ہوگی کیونکہ جناب سپیکر، مجھے یاد ہے کہ جب ذوالفقار علی بھٹو کو ضیاء الحق نے پابند سلاسل کیا، ایک دفعہ چھوڑا اور جب ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے قائدانہ ولولے کے ساتھ آمر کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مری میں اسے کہا کہ تم نے جو جمہوری اداروں پہ شب خون مارا ہے، اس کی تمھیں قیمت دینا پڑی گی اور آرٹیکل 6 کا حوالہ دے کر جب ضیاء الحق کو پھانسی کا پھندہ بتایا تو اس وقت اس نے اپنا ارادہ بدلا، وہ تو اپنی جان بچانے کیلئے، ہم اس سے گلہ نہیں کرتے لیکن اس وقت ہماری جمہوری ایسی قیادتیں بھی تھیں جنہوں نے ضیاء الحق سے کہا کہ ضیاء الحق صاحب! قبر ایک ہے، قبر ایک ہے (تالیاں) اور جانیں دو ہیں۔ قبر ایک، یا تم نے قبر میں جانا ہے یا بھٹو نے قبر میں جانا ہے، فیصلہ تم کرو۔۔۔۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: اس کا جواب ہم دیں گے۔۔۔۔۔

سید محمد صابر شاہ: نہیں نہیں، میں آپ کی بات نہیں کر رہا ہوں، میں سیاسی۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: مسلم لیگ کی طرف سے ایک بول چکے ہیں۔ جناب سپیکر، ہر ایک پارٹی کی طرف سے ایک ایک بول چکا ہے۔ جناب سپیکر، یہ تو سیاسی تقریر کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

سید محمد صابر شاہ: میں ایک سیاسی قائد کے حوالے سے، میں سیاسی تقریر نہیں کرونگا تو میں یہاں پہ ختم قرآن پڑھونگا؟ میں سیاسی بات کرتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، یہ کیا بات کر رہے ہیں؟

سید محمد صابر شاہ: میں حیران ہوں کہ میں نے کیا کہہ دیا، میں نے کیا کہہ دیا؟ میں تو حیران ہوں، کیوں یہ اتنا بڑا (شور) میں نے بات کیا کی ہے کہ آپ غصہ ہو رہے ہیں؟

(شور)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں جی۔ (شور) بشیر بلور صاحب! (شور) بشیر بلور صاحب! آپ بیٹھ جائیں۔ بس آپ سارے بیٹھ جائیں (شور) آپ سارے بیٹھ جائیں، آپ سارے بیٹھ جائیں۔ آپ بیٹھ جائیں، عالمگیر صاحب۔ آپ بیٹھ جائیں، پیر صاحب۔ پیر صاحب! تہ کینہ۔ پیر صاحب! ایک دو منٹ کیلئے آپ بیٹھ جائیں، ایک منٹ بیٹھ جائیں۔ آپ پیر صاحب، ایک منٹ کیلئے بیٹھ جائیں تاکہ ہاؤس 'ان آرڈر' ہو جائے۔ آپ ایک منٹ بیٹھ جائیں تاکہ ہاؤس 'ان آرڈر' ہو جائے۔ آپ ایک منٹ بیٹھ جائیں پیر صاحب۔ پیر صاحب! آپ ایک منٹ کیلئے بیٹھ جائیں۔
(شور) پیر صاحب، آپ ایک منٹ بیٹھ جائیں۔

(قطع کلامیاں، شور)

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، سارے بیٹھ جائیں۔ پیر صاحب! آپ ایک منٹ کیلئے بیٹھ جائیں۔

(شور)

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، اگر میری کسی بات سے کسی کی دل شکنی ہوئی ہے تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پیر صاحب تشریح کرنا چاہتے ہیں۔ (شور) عبدالاکبر خان! بولیں، آپ کیا بولنا چاہتے ہیں؟ عبدالاکبر خان کا مائیک آن کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب، دا خو بنه طریقه نه ده یره۔

جناب سپیکر: سب بیٹھ جائیں۔پیر صاحب کا مائیک آن کریں۔

سید محمد صابر شاہ: میں گزارش کر رہا ہوں کہ میں کسی کی دل شکنی نہیں چاہتا اور مجھے نظر نہیں آ رہی ہے کہ میں نے ایسی کوئی بات کی ہو جس سے میرے ساتھیوں کی دل شکنی ہوئی ہو۔اگر میری ایسی بات جس میں آپ کی دل شکنی ہوئی ہو، قطعاً میرا مقصد کسی کی دل شکنی کرنا نہیں، میں تو اس بات کی طرف آنا چاہتا ہوں، اس بات کی طرف آنا چاہتا ہوں کہ جہاں ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دی گئی وہاں محترمہ بے نظیر بھٹو کو بھی شہید کیا گیا۔خدا کیلئے اگر ہم ایک بات کو کسی زاویے کی طرف لے جانا چاہتے ہیں، کسی مقصد کی طرف ہم لے جانا چاہتا ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے پیر صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: قرارداد پیش کریں، ہم آپ کا ساتھ دینگے لیکن قرارداد خدا کیلئے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: آپ۔۔۔۔

سید محمد صابر شاہ: جو بات یہ کہتے ہیں تو میری بات میں کونسی چیز انہیں ناپسند ہے؟ میں نے قطعاً ایسی کوئی بات نہیں کی جس میں ہم آپ کی یا کسی کی بھی کردار کشی کریں یا دل شکنی کریں۔

جناب عبدالاکبر خان: بس کړه کنه۔

سید محمد صابر شاہ: (جناب عبدالاکبر خان، رکن اسمبلی سے) ولے بس کړه، ستا تهیکه ده؟ (قہقہے) هغه سپیکر دے هغه به ماته وائی چه بس کړه نو زه به بس کومه۔تو میں گزارش یہ کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

